تبصرے

جدید رسائل وصحائف اور خاص نمبر

فکر و نظر - مرتبہ ڈاکٹر یوسف حسین خاں صاحب۔ تقطیع کلاں ضخامت تقریباً ڈیڑھ سو صفحات، ٹا
جلی اور روشن۔ سالانہ چندہ چھ روپیہ۔ فی پرچہ دو روپے۔ پتہ: مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ مسلمانوں کا عظیم الشان علمی اور ثقافتی ادارہ ہے۔ اس لئے عرصہ سے اس با
کی سخت ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ دوسری بلند پایہ یونیورسٹیوں کی طرح یہاں سے بھی کوئی ایسا مجلہ شائ
جو اس ادارہ کی علمی، ادبی اور تہذیبی روایات کے مطابق ہو خوشی کی بات ہے کہ اسی دیرینہ ضرورت کی تکمیل کی غر
سے زیر تبصرہ سہ ماہی مجلہ شائع ہوا ہے۔ اب تک اس کے دو نمبر شائع ہو چکے ہیں اور ان دونوں نمبروں کے مض
جو قاضی عبد الودود۔ ڈاکٹر نذیر احمد۔ پروفیسر رشید احمد صدیقی۔ خلیق احمد صاحب نظامی۔ ڈاکٹر عابد حسین
مختار الدین احمد اور ڈاکٹر محمد حسین، ایسے معروف و نامور ارباب قلم و علم کے مضامین پر مشتمل ہیں، اسلوب، معلو
اور ترتیب کے اعتبار سے بہمہ وجوہ مسلم یونیورسٹی کی روایات کے شایان شان ہیں۔ خود مجلہ کے ایڈیٹر یونیورسٹی
پرو وائس چانسلر ہی نہیں بلکہ ملک کے نامور ادیب اور بلند پایہ مصنف و محقق بھی ہیں، جیسا کہ فاضل ایڈیٹر
پہلے نمبر کے افتتاحیہ میں بتایا ہے اس مجلہ کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی رہے گی کہ مقالات کے علاوہ اس کی ہا
میں سرسید کی کوئی نہ کوئی غیر مطبوعہ تحریر ضرور شائع ہوگی، چنانچہ آجکل خطوط سرسید جن کو ڈاکٹر مختار الد
احمد صاحب نے بڑی قابلیت سے اڈٹ کیا ہے مسلسل نکل رہے ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کے عظیم کتب خ
میں مخطوطات کا جو ایک وسیع ذخیرہ موجود ہے، اس میں سے کسی ایک مخطوطہ کا ہر اشاعت میں تعارف کرایا
ہے۔ اس سلسلہ میں اب تک خلیق احمد صاحب نظامی کے دو مخطوطوں کا تعارف شائع ہو چکا ہے۔ اس بنا پر کو
شبہ نہیں کہ اس مجلہ کی اشاعت سے اردو زبان میں ایک بلند پایہ علمی و ادبی مجلہ کا بڑا قیمتی اور قابل قدر اضافہ ہو